دوم: اس اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تصور سے مجلس محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم طالب کی نصیب ہوتی ہے۔ اس سے پالینا، پہچاننا، پہنچنا اور دیکھنا نصیب ہوتا ہے۔

سوم: جو کوئی اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تصور کو اپنے تصور میں لے آتا ہے، اسے اپنے اس تصور سے کلی و جزوی تمام امور کائنات معلوم ہوتے ہیں، اور انسان بخشا جاتا ہے۔

آیت

"تاکہ اللہ تعالیٰ تیرے اگلے پچھلے گناہ بخش دے۔"

صاحب تصور انسان بن جاتا ہے، نہ کہ گائے بیل کی طرح حیوان صفت رہتا ہے۔

چہارم: اس اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تصور سے حاضرات حاضر ہو جاتے ہیں، اور علم ناظرات کے ذریعے انہیں دیکھ سکتا ہے، جس سے پھر کوئی آرزو دل میں باقی نہیں رہتی۔ یہ راہ نقش ہے جو پہلے ہی روز معرفت اور حضوری محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مرتبہ بخشتا ہے، کیونکہ علم حضوری پر شاہد ہے۔ حضوری کے سوا کسی اور طرف رجوع کرنا گناہ ہے۔ جو مرشد حضوری کے مرتبہ تک نہ پہنچائے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تلقین نہ دلائے، وہ مرشد گمراہ ہے اور اس کے طالب رو سیاہ ہیں۔

نتائج تصور شیخ

فنا فی الشیخ نقش والے کو شیخ کی توجہ، تصرف اور تفکر حاصل ہوتا ہے۔ جس پر شیخ عنایت کرے، اسے اپنے مرتبے میں تبدیل کر لیتا ہے۔

شیخ حضوری کا نام ہے، جو شیخ خود ہمیشہ حضوری میں رہتا ہے، اس کے لیے طالبوں اور مریدوں کو صاحب حضوری کر دینا کوئی مشکل کام نہیں، کیونکہ اس کا باطن (حضوری سے) معمور ہوتا ہے۔

شیخ کا مذکور تصور یہ ہے کہ شیخ کی صورت کا تصور ہر حالت میں لازوال خزانے بخشتا ہے جو کوئی شیخ کی صورت کو تبدیل کر لے، وہ روشن ضمیر ہو جاتا ہے۔

فنا فی الشیخ سے فنا فی اللہ فقیر کا مرتبہ حاصل ہو سکتا ہے جس سے اس میں نجات کی کم آزاری، مستی میں ہشیار رہنا وغیرہ خصائل آ جاتے ہیں۔ شیخ کے ہاتھوں وہ بمنزلہ تلوار کے ہو جاتا ہے، جو موذی

قاتل موذی کفار از بدعت باطل استغفار۔

چون تصور شیخ صورت باصورت یک وجود قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ خواند کہ ، ہر جا کہ خواہد صورت شیخ طالب مرید را بہر مطالب و بہر منزل مقام رساند ۔

درین فنا فی الشیخ نہ خست ، یقین درست ، بر تلقین اعتبار و بر شیخ جان فدا ، یار غار غم بردار ۔

در ترک توکل جسمی جسم با جسم شیخ ، اسم با اسم ، قلب با قلب شیخ ، دل با دل شیخ ، روح با روح شیخ ، دم با دم شیخ ، قدم با قدم شیخ ۔

فَنَافِی الشَّیْخِ

فَنَافِی الشَّیْخِ

چون تصور صورت شیخ در وجود دیگر داند ، صورت شیخ در مجلس محمد صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم بحضور رساند ۔ بدین طریق مرتبۂ فنا فی الشیخ و الا مرتبہ صورت بت پرستی فنا فی الشیطان است ۔

این نقش فقیر فیض اثر ، بر نفس قہر ، صاحب نظر ، باطن خضر ۔ در نظر او برابر است خاک و سیم و زر ، بلکہ بر نفس امیر ، ابتدائی مرتبۂ فقیر بر زبان علم قرآن تفسیر ، روشن ضمیر ، فقیر بمطالعہ علم فقر و فخر رہبر مشاہدۂ درجات مذکورہ ، این نقش اینست ۔

ﻟﮯ کشف الاسرار ، (شہباز) ، ص ۲۱ : ہوشیاری

کافروں کو قتل کرتی ہے ۔ باطل بدعت سے استغفار ۔ (یعنی شیخ کی صورت کا تصور اس کے لیے تلوار کا کام دیتا ہے اور اس کے دشمنوں اور کفار کے لیے اس کے ہاتھ میں یہ گویا ایک برہنہ تلوار ہے اور یہ تصور اس کو بدعت و گمراہی میں نہیں پڑنے دیتا ۔ جھٹ استغفار کی تلقین اس کی زبان پر جاری کرا دیتا ہے) ۔

جب شیخ کا تصور صورت باصورت ایک وجود ہو کر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتا ہے ، تو پھر شیخ کی صورت طالب مرید کو ہر مطالب اور جس منزل اور مرتبے پر چاہتی ہے ، پہنچا دیتی ہے ۔

اس فنا فی الشیخ میں خست نہیں ہوتی ، بلکہ یقین درست ہوتا ہے اور تلقین پر اعتبار ، شیخ پر جانثار ، یار غار اور غم بردار ہوتا ہے ۔

جسمی توکل اور ترک میں اس کا جسم شیخ کے جسم کے ساتھ ہوتا ہے ۔ اسم اسم شیخ کے ساتھ ۔ قلب قلب شیخ کے ساتھ ۔ دل دل شیخ کے ساتھ ۔ روح روح شیخ کے ساتھ ۔ دم دم شیخ کے ساتھ اور قدم شیخ کے قدم کے ساتھ ہوتا ہے ۔

فَنَافِی الشَّیْخِ

فَنَافِی الشَّیْخِ

جب (طالب) صورت شیخ کا تصور وجود میں لاتا ہے ، تو شیخ کی صورت اسے محمد مصطفےٰ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں پہنچا دیتی ہے ۔ اس طریق سے تو فنا فی الشیخ کا فقر میں ایک مرتبہ ہے ۔ ورنہ تو صورت بت پرستی اور فنا فی الشیطان کا مرتبہ ہے ۔

یہ فقیر کا نقش فیض اثر ، صاحب نظر ، باطن خضر اور نفس پر قہر ہے ۔ اس کی نظر میں مٹی اور سونا چاندی یکساں ہے ، بلکہ نفس پر حکمران ہے ۔ فقیر کے ابتدائی مرتبے میں زبان پر قرآن اور تفسیر کا علم ہوتا ہے اور روشن ضمیر ہوتا ہے ۔ فقیر علم فقر کے مطالعہ میں ہوتا ہے اور فقر درجات مذکورہ بالا کے مشاہدہ کی رہبر ہے ۔ نقش (فقر) یہ ہے ۔

فرخ

فقــــــر

فرخ

ہر کہ اسم فقر در تصور آوردہ، اسم فقر بسلطان الفقر بردہ[1]۔ اَلْفَقْرُ لَا یَحْتَاجُ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ۔ ہر کہ محتاج است فقیر نبود۔ فیض و فضل فقر روح است و رحمت فقر و لطف فقر و ہدایت فقر و ولایت فقر و عنایت و بقا فقر و بقا فقر و رضا و قضای فقر و قدرت فقر و جمعیت، جمال، جلال فقر و علم فقر و ستر اسرار فقر و نور حضور و عقل، بالکل شعور فقر و مالک الملک[2]، مقرب ربانی، بادشاہی ملک سلیمانی فقر و گنج تصرف و کیمیائی فقر و حیات و ممات فقر و علم درجات فقر و نفس، دم، قلب، روح، دل در محبت سوختہ۔

این مجموعہ جمیع مراتب از تصور اسم فقر بکشاید و بنماید۔ فقر سہ حرف است۔ ف، ق، ر، از حرف ف فنای نفس، از حرف ق قہر بر نفس و از حرف ر راضی بر خدا و از حرف ف فخر و از حرف ق قرب و از حرف ر راز۔

این مراتب فقر محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبت از حرف ف فضیحت و از حرف ق قہر خدا و از حرف ر رد فقر مکب۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ فَقْرِ الْمُکِبِّ[3]۔

شرح دوم در علامات پیر کامل و مرشد تمام و ملائم آن

بدان اِعْلَمْ اَیُّہَا الْمُؤْمِنُ کہ طلب حق در متابعت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
قولہ تعالیٰ، قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ[4]

---

[1] کشف الاسرار (شہباز) ص ۳۴۔ [2] کشف الاسرار (شہباز) ص ۳۴: مالک الملوک۔

[3] شرح عین العلم از ملا علی قاریؒ۔ [4] سورۂ آل عمران، ۳: ۳۱

فرخ

فقــــــر

فرخ

جو شخص فقر کے اسم کا تصور کرتا ہے، اسے اسم فقر سلطان الفقر کے پاس لے جاتا ہے۔ فقیر اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہیں ہوتا، کا مستحق ہو جاتا ہے۔ جو فقیر کسی کا محتاج ہے، وہ فقیر ہی نہیں۔ فیض و فضل فقر کا روح ہوتا ہے اور رحمت بھی فقر ہے، لطف بھی فقر ہے اور ہدایت اور ولایت، عنایت، فنا و بقا، رضا، قضا، قدرت، جمعیت، جمال، جلال، علم، ستر اسرار، نور حضور، عقل و شعور کل سب فقر ہی ہے اور فقر ہی مالک الملک، مقرب ربانی، ملک سلیمانی کی بادشاہی، کیمیائی خزانوں کا تصرف، حیات و ممات، علم درجات فقر ہے۔ اور فقر ہی سے نفس، دم، قلب، روح اور دل محبت سے جلتے ہیں۔

یہ مذکورہ بالا تمام مراتب اسم فقر کے تصور سے حاصل ہوتے ہیں۔ فقر کے تین حرف ہیں۔ ف، ق اور ر۔ حرف ف سے فنائے نفس، حرف ق سے قہر بر نفس اور حرف ر سے راضی بر خدا مراد ہے۔ اور حرف ف سے فخر، حرف ق سے قرب، اور حرف ر سے راز مراد ہے۔

یہ مراتب فقر محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاصل ہوتے ہیں اور اگر یہ نہیں، تو حرف ف سے فضیحت، حرف ق سے قہر خدا اور حرف ر سے منہ کے بل گرانے والے فقر سے رد مراد ہوگی۔ منہ کے بل گرانے والے فقر سے اللہ تعالیٰ پناہ دے۔

شرح دوم در علامات پیر کامل و مرشد تمام و ملائم آن

اے مومن! تو اچھی طرح جان لے کہ طلب حق محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی متابعت میں ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:
"اے محبوب تو کہہ دے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا۔"
پس جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کے بغیر اصرف، اپنی فیض زادگی سے تکیہ و

پس ہر کہ غیر متابعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شیخ زادگی خود را رہبر و پیشوا سازد از ضال و مضل است۔ کما قال شیخ جنیدؒ و شبلیؒ: اِذَا رَاَیْتَ صُوْفِیًا وَلَوْ یَکُنْ بَیْنَ یَدَیْہِ تَفْسِیْرٌ وَعَلٰی یَمِیْنِہٖ اَحَادِیْثُ وَعَلٰی شِمَالِہٖ کُتُبُ الْفِقْہِ تَعْلَمُوْا اِنَّہٗ شَیْطَانٌ وَمَا صَدَرَ عَنْہُ مَکْرٌ وَّاِسْتِدْرَاجٌ ۔

یعنی ہرگاہ کہ یک افعال و اقوال او بر خلاف شرعی و فقر محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باشد آن صوفی را بالشیطان منسوب کردہ و از ان اجتناب تمام باید، زیرا کہ جاہل پیر و پیشوا ازان نشاید۔

کما قال اللہ تعالیٰ:۔

وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاہِلِیْنَ [1]

قولہٗ تعالیٰ:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ اَنْ اَکُوْنَ مِنَ الْجَاہِلِیْنَ [2]

چہ خوش گفت آنکہ گفت:۔

بیت

سگ تر شود از بول پاک تر باشد [3] — از آن کسی کہ کند اختلاط با عامی

در تفسیر منیر این آیہ آوردہ است:

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ [4]

یعنی شیطان بر دو نوع است شیطان جن کہ مشہور است و شیطان انس شیخ جاہل کہ بدی او در خفی است و بدی شیخ جاہل در ظاہر۔ پس پیر کامل را اول افعال و اقوال او بطریق مذکور موزوں می باید۔ بعد ازان او را لازم است کہ از چہار علم آگاہ باشد و بعد بجا آوردن این امور پیری او مقید بچہار شرط است۔ اگر این

[1] سورۃ الاعراف ۷: ۱۹۹ [2] سورۃ البقرہ ۲: ۶۷
[3] کشف الاسرار (قلمی): ص ۲۵ بدتر [4] سورۃ الناس ۱۱۴: ۴-۶

بھروسہ پر لوگوں کی راہبری اور پیشوائی کرے گا، تو وہ شخص خود بھی گمراہ ہوگا اور لوگوں کو بھی گمراہ کرے گا، جیسا کہ حضرت شیخ جنید بغدادیؒ اور شیخ شبلیؒ فرماتے ہیں: جب تو کسی صوفی کو دیکھے اور اس کے سامنے تفسیر، دائیں ہاتھ حدیث اور بائیں طرف فقہ کی کتابیں نہ ہوں (یعنی ان کے خلاف چلتا ہو) تو تو سمجھ لے کہ وہ شیطان ہے اور جو کچھ اس سے ظاہر ہوتا ہے، وہ سب کا سب مکر اور استدراج (فریب) ہے۔

یعنی اگر اس کا ایک فعل اور ایک قول بھی شرح محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور فقر محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منافی ہے، تو وہ صوفی نہیں، بلکہ شیطان ہے۔ پس ایسے پیر سے بالکل پہلو تہی کرنی چاہیے۔ اس واسطے کہ جاہل پیر پیشوائی اور راہبری کے لائق نہیں ہوتا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:۔

"اور جاہلوں سے منہ موڑ لیں۔" (یعنی انکی باتوں اور افعال پر اعتماد کرنا اچھا نہیں)

(اور ان کی جہالت کی برائی پر دوسری آیت شاہد ہے۔)

"میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں جاہل ہوں۔"

کیا ہی اچھا کہا ہے، جس نے کہا ہے ؎

بیت

وہ کتے سے بھی بدتر ہے، جو ایک عام شخص سے میل جول رکھتا ہے۔ گویا وہ پیشاب سے پاک تر ہونے کی کوشش کرتا ہے۔

تفسیر منیر میں یہ آیت وارد ہوئی ہے:۔

"بدی سے اس کی جو پھسلائے اور چھپ جائے۔ وہ جو خیال ڈالتا ہے لوگوں کے دل میں جنوں میں اور آدمیوں میں۔"

اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ یعنی شیطان دو قسم کے ہیں۔ ایک جن شیطان، جو (عام) مشہور ہیں۔ اور دوسرے انسانی شیطان، جیسے جاہل شیخ۔ کہ جن شیطان کی برائی تو پوشیدہ ہے اور جاہل شیخ کی برائی ظاہر ہے۔ پس اول کامل پیر کے اعمال و اقوال مذکورہ بالا طریق یعنی شریعت کے مطابق موزوں ہونے چاہئیں، اور بعد ازاں اس کے لیے لازم ہے کہ چار علموں سے واقف ہو۔ ان سب امور کے بجالانے کے بعد اس کی پیروی کی چار شرطیں ہیں۔ اگر اس میں چار شرطیں پائی جاتی ہیں، تو وہ پیر و مرشد بننے کے لائق ہے۔ ورنہ وہ کسی کو بیعت نہ کرے۔ تاکہ وہ خود بھی گمراہی میں نہ

شروط در و موجود باشد پیری او شاید و الا دست بکسی ندهد، تا ضال و مضل نگردد۔

اوّل علم تفسیر و احادیث تمام دانسته باشد یعنی این ناسخ و این منسوخ و معمول و غیر معمول ہر از یکدیگر امتیاز میتواند کرد، زیرا کہ ایمان آوردن بہ کلام اللہ فرض است و بہ تمام کلام اللہ عمل فرض نیست و چون درین قدم مستقیم آمدی، نفس و شیطان اطوار مکدرہ و طورہای نفس ملہمہ بتو پیش آرد۔ چون تقطرہای باران سراب و گرد و غبار و چون گرمای نصف روز تابستان ناگہان دران میان رنگہای زشت گوناگون پیدا شود کہ ہمگی دہ ہزار پردہ ہای نفس و شیطان بتو پیش آیند، گاہی باغہای گوناگون و دختران و جوانان لطیف و جوی ہای لطیف و حور و قصور و عرش و کرسی نباشد وران زمان اگر چیزی نامشروع و از کاہلی از تو در وجود آمدہ باشد، عرش و کرسی شیطان بتو روی نماید۔

پس مرشد کامل اینست کہ از چہار مراتب طریق طریقت سلامتی بگذراند و بہ حقیقت رساند۔ چہار طریق متفق با انا و زندیق اینست:۔

اوّل طریقت کہ بر صاحب طریقت نازل شود کہ آن بعض کشف و کرامات مطلق از نفس انا مغرور، خوش وقت مسرور، از قرب وصال اللہ دور تر۔ اگرچہ در نظر خلق ثواب، نزدیک خالق حجاب۔

دوم طریق کہ بر صاحب طریقت نازل میشود رجوعات خلق و جوئیت، دنیا و اہل دنیا در قید و دنبال گردد۔ نزدیک خلق فریادرس و نزدیک خالق خام اہل ہوا و ہوس۔

سیوم طریق بر صاحب طریقت مسخرات وحوش و طیور و نزدیک خلق طیر سیر و نزدیک خالق در مراتب غیر۔

پڑ جائے اور دوسروں کو بھی گمراہ نہ کرے۔ (اور وہ شرائط یہ ہیں)

اوّل علم تفسیر قرآن مجید و علم حدیث سے پوری واقفیت رکھتا ہو۔ یعنی جانتا ہو کہ یہ ناسخ ہے اور یہ منسوخ ہے۔ اور یہ معمول ہے اور یہ غیر معمول آیات ہیں۔ اُن کی باہم تمیز کر سکے اس واسطے کہ کلام اللہ پر ایمان لانا تو فرض ہے، لیکن سارے کلام الٰہی پر عمل کرنا فرض نہیں ہے[1]۔ اور جب تو اس راہ پر ثابت قدم ہو جائے گا، تو نفس اور شیطان بڑے بڑے اطوار اور نفس ملہمہ کے طرح طرح کے واقعات تیرے سامنے پیش کرتا جائے گا۔ مثلاً (کبھی نظر میں) قطرات بارش (کبھی) سراب (کبھی) گرد و غبار اور (کبھی) موسم گرما کی دوپہر کی گرمی کی طرح اچانک اس میں بے شمار قسم قسم کے بُرے رنگ نمودار ہوں گے۔ کم از کم دس ہزار پردے نفس و شیطان تیرے سامنے لائے گا۔ کبھی تو قسم قسم کے باغ اور خوبصورت لڑکیاں، خوبصورت نوجوان، صاف و شفاف نہریں، حور و قصور، عرش و کرسی وغیرہ اسکے سامنے ہوتی ہیں، حالانکہ وہ چیزیں حقیقت میں نہیں ہوتی ہیں۔ اگر ایسے وقت میں تجھ سے کوئی بات غیر شرع، یا کاہلی وجود میں آگئی، تو شیطان اس وقت تجھے عرش و کرسی بھی بنا کر دکھا دے گا۔ لیکن یاد رکھیں کہ یہ سب باتیں شیطانی ہیں۔

پس مرشد کامل وہ ہے، جو طریقت کے ان چاروں مراتب سے طالب کو سلامتی کے ساتھ عبور کرا دے اور حقیقت تک پہنچا دے۔ انا و زندیق کے ساتھ وہ متفقہ چار مراتب طریقت کے یہ ہیں۔

اوّل طریقت جو صاحب طریقت پر نازل ہوتی ہے، وہ مغرور نفس سے بعض کشف و کرامات کے طور پر ظہور میں آتی ہیں، جن سے انسان خوش وقت اور مسرور ہوتا ہے۔ لیکن ایسا کرنے سے وہ قرب وصال الٰہی سے زیادہ دور ہو جاتا ہے۔ اگرچہ یہ لوگوں کی نظروں میں ثواب ہے، مگر خالق کے نزدیک حجاب ہے۔

دوم وہ طریق جو صاحب طریقت پر نازل ہوتا ہے، رجوعات خلق و جوئیت ہے کہ دنیا اور اہل دنیا اس کی قید میں اس کے پیچھے پیچھے دوڑتے پھرتے ہیں۔ ایسا شخص، لوگوں کے نزدیک تو فریادرس ہے، لیکن خالق کے نزدیک خام اور اہل ہوا و ہوس ہے۔

سوم وہ طریق جو صاحب طریقت پر نازل ہوتا ہے، وہ چرند و پرند کا مسخر کرنا ہے۔ لوگوں

---

[1] قرآن مجید فرقان حمید میں بعض احکام فرض، بعض واجب، بعض سنت، بعض مباح اور بعض سے عبرت حاصل ہوتی ہے اور بعض صرف قصائص کے طور پر آئے ہیں۔

چہارم طریق بر صاحب طریقت نازل میشود۔ سیر و مشاہدہ طبقات مقامات ناسوت، جبروت و ملکوت نزدیک خلق غوث و قطب۔ ہفتاد ہزار مقامات فوق العرش تا تحت الثریٰ انتہائی مقام طریقت محروم از معرفت و حقیقت، اگرچہ از غلبات سکر و سہو خود را عارف صحو خوانند، از گرمی سکر و صحو دور تر دور ماند۔

پس معلوم شد کہ در شریعت اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَاءِ آنچہ غوث و قطب اوتاد و ابدال در آن مقامات کبیرہ و صغیرہ است۔

مقام صغیرہ مشاہدات ہفت طبقات زمین و مقام کبیرہ مشاہدۂ نہ طبقات آسمان و عرش و کرسی و لوح و قلم۔ عارف باللہ مقام صغیرہ باشد و بدیدن گناہ صغیرہ است و مقام کبیرہ طیر سیر نہ فلک بدیدن گناہ کبیرہ است بجز حضوری و مشرف مجلس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم غرق توحید معرفت الٰہی اِلَّا اللّٰہ۔ آن چشم مباد کہ بجز حضوری مجلس محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و معرفت وحدانیت اِلَّا اللّٰہ دیگر بیند۔

بیت

دیدہ آن باشد کہ بیند عین نور
دیدہ آن باشد بود مجلس حضور

فقیر آنچہ گوید، از راہ حساب گوید، نہ از حسد۔ معرفت الٰہی توحید و مجلس محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم۔ آفرین باد بر آن کہ شب و روز در مجلس حضور غرق نور بود، دائم باطن بظاہر و در مردم عام صاحب نظر و ہر از باطن بظاہر خبر خیلی مشکل و دشوار است و نزد کاملان طرفہ زود ہر دو حال ایشان ہمین کار است۔ اللہ بس ماسوی اللہ ہوس۔

کے نزدیک تو یہ طیر و سیر ہے، لیکن خالق کے نزدیک مراتب غیر ہے۔

چہارم وہ طریق جو صاحب طریقت پر نازل ہوتا ہے۔ وہ ناسوت، جبروت اور ملکوت کے مقامات اور طبقات کا مشاہدہ اور ان کی سیر ہے۔ جس میں خلقت نزدیک غوث اور قطب خیال کرتی ہے، لیکن ابھی عرش سے تحت الثریٰ تک ستر ہزار مقامات باقی ہیں اور انتہائے مقام طریقت اور معرفت و حقیقت سے وہ ہنوز محروم ہے، اگرچہ سکر و سہو کے غلبات کی وجہ سے لوگ اس کو صاحب حضوری اور عارف کہتے ہیں، مگر ابھی سکر اور سہو کی اصلیت سے وہ بہت دور پڑا ہے۔

پس معلوم ہوا کہ شریعت میں "ایمان خوف و امید کے درمیان ہوتا ہے"۔ اسی کے مطابق غوث و قطب و اوتاد و ابدال عمل کرتے ہیں، وہ انہی مقامات صغیرہ و کبیرہ میں رہتے ہیں۔

مقامات صغیرہ زمین کے ساتوں طبقات کے مشاہدات ہیں اور مقامات کبیرہ آسمان کے نو طبقوں، عرش، کرسی، اور لوح و قلم کے مشاہدات ہیں۔ فقیر عارف باللہ مقام صغیرہ میں ہوتا ہے، لیکن ان کو دیکھنا بھی اس کا گناہ صغیرہ ہے اور ایسا ہی صاحب مقام کبیرہ کو سیر طیر فلکی کرنا اور دیکھنا بھی گناہ کبیرہ ہے۔ تاوقتیکہ آقائے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی حضوری مجلس سے مشرف نہ ہو چکا ہو، اور غرق فی التوحید اور معرفت الٰہی کے عرفان کو پورے طور پر طے نہ کر چکا ہو۔ (اور اگر یہ نہیں، تو کچھ بھی نہیں دیکھا) خدا کرے کہ وہ آنکھ ہی نہ رہے، جو مجلس نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور معرفت وحدانیت خدا کے سوا اور کچھ دیکھے۔

بیت

آنکھ وہ ہوتی ہے جو عین نور الٰہی دیکھتی ہے اور آنکھ وہ ہوتی ہے، جو مجلس محمدی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں حضوری رکھتی ہے۔

فقیر جو کچھ کہتا ہے، وہ از روئے حساب (و خیر خواہی) کہتا ہے، نہ کہ از روئے حسد۔ اور جو کچھ بھی ہے، وہ توحید الٰہی کی معرفت اور اتباع مجلس نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے ہے۔ اس شخص پر آفرین ہے، جو دن رات مجلس حضوری میں غرق نور رہتا ہے۔ اس کا ظاہر و باطن ہمیشہ مکمل رہتا ہے۔ عام لوگوں میں وہ صاحب نظر گنا جاتا ہے اور باطن کی خبریں ظاہر و باطن میں دیتا ہے۔ لیکن ایسا ہونا ہمیشہ کے لیے ذرا مشکل امر ہے اور کاملوں کا ہر حالت میں یہی کام ہے کہ وہ چشم زدن میں تمام کائنات کی خبریں لے سکتے ہیں۔ اللہ بس ماسوائے اللہ ہوس۔

اگر کسی از حضرت آدم تا بخاتم النبیین و از خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ و السلام تا روز قیامت از برق و باد تیز تر رود، ہرگز بقاب خیمہ مجلس محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و معرفت الٰہی نتوان رسید۔ راہ دراز، لیکن بہ برکت اسم اللہ طرفہ زود مرواست۔ بمقام صاحب راز راہ صاحب تصور اسم اللہ را بریاضت طبقات تعلق ندارد کہ آن ذات اسم اللہ انتہای از اسم اللہ ذات۔

اللہ بس ماسوی اللہ ہوس۔

بعضی طائفہ اند کہ بنظر ناظر مردم را بتوجہ بہ ذکر دم مردم را جانب خود کشند و مسخر کنند این چنین طائفہ دم نورش مثل مار و دور تر از معرفت پروردگار۔

بعضی طائفہ بتفکر و ذکر قلب دل را در شکم بگردانند، جانب سینہ بکشند و میگویند کہ این حبس است، در دروغ غلط گویند۔ این عبث است کہ حبس حضوری حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذکر جاری گردد۔ احتیاج تقلید تلاش دم بستن نماند۔

و بعضی طائفہ خود را ذاکر قلبی بگویند و دم را بستہ می برآید بیرون از راہ سوراخ بینی، اولیٰ تر آنست کہ روی این بد مذہب نہ بینی۔ چون دم بستن کار کفار اہل زنار۔ از این طائفہ باید ہزار بار استغفار و معنی حبس اسلام را بکن از گناہان صغیرہ و کبیرہ و از شرک و بدعت احصار و حبس ایمان و اسلام را بکن یعنی مومن مسلمان شدن بسیار خیلی دشوار است۔

کما قال النبیؐ:-

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ يَدِهٖ وَلِسَانِهٖ[1]

و ہذا این معنی است کہ دم حبس و بند کردن گرفتہ مخالف نص و حدیث نیامدہ است، بلکہ عبث است، رسوم کفار و چون اگر طالبان بدعویٰ این آیت مذکور معنی کنند کہ بر نفس امیر

[1] البخاری، کتاب الایمان

بعض ذاکروں کی غیر شرعی حالت ذکر کا بیان

اگر کوئی شخص حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام تک اور خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر قیامت تک بجلی اور ہوا سے بھی زیادہ تیز دوڑے تو بھی بس محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خیمہ کی رسی تک ہرگز نہیں پہنچ سکتا اور معرفت الٰہی کو نہیں پہنچ سکتا۔ کیونکہ یہ راہ بہت دور و دراز کی راہ ہے، لیکن اسم اللہ کی برکت سے یہ سب کچھ پلک جھپکنے کی دیر میں ہو سکتا ہے۔ صاحب راز راہ اور صاحب تصور اسم اللہ ذات کے لیے ریاضت طبقات سے کچھ لگاؤ نہیں، کیونکہ اسم اللہ ذات کی انتہا بھی اسم اللہ ذات ہی ہے۔ اللہ بس ماسوی اللہ ہوس۔

بعض لوگ ایسے بھی ہیں، جو لوگوں کو بہ نظر ناظر ذکر دم کی توجہ سے اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں اور مسخر کر لیتے ہیں، پس اس قسم کا دم زش فرقہ سانپ کی طرح موذی ہے اور معرفت پروردگار سے بہت دور پڑا ہے۔

بعض لوگ تفکر اور ذکر قلب سے دل کو پیٹ میں پھراتے ہیں اور سینے کی طرف کھینچتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ حبس ہے۔ وہ بالکل جھوٹ کہتے ہیں اور ایسا کرنا بالکل بے فائدہ ہے، کیونکہ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور سے ذکر خود بخود جاری ہو جاتا ہے۔ پھر تقلید اور حبس دم کی کوئی احتیاج نہیں رہتی۔

اور بعض لوگ اپنے آپ کو قلبی ذاکر کہتے ہیں اور سانس کو روک، بند کر کے سوراخ ناک سے خارج کرتے ہیں۔ (اے طالب مولیٰ!) سب سے بہتر تو یہ ہے کہ تو ایسے بد مذہب کا منہ تک نہ دیکھے، کیونکہ سانس کا بند کرنا کفار اور اہل زنار (دوزخ) کا کام ہے۔ (پس) ایسے گروہ سے ہزار بار استغفار کرنا چاہیے۔ حبس کے معنی یہ ہیں کہ اسلام کو صغیرہ اور کبیرہ گناہوں سے بچائے۔ اور شرک و بدعت سے محفوظ رکھے۔ اور اسلام اور ایمان کو بند رکھو۔ یعنی مومن مسلمان ہونا بہت دشوار اور مشکل ہے۔ جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے:-

"مسلمان وہ ہوتا ہے۔ جس سے کسی دوسرے مسلمان بھائی کو زبان اور ہاتھوں سے ایذا نہ پہنچے۔"

اور اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ دم کو بند کرے اور کلام قرآن و حدیث کے منافی کرے۔ بلکہ ایسا کرنا بے سود ہے اور کفار کی رسم ہے اور اگر مدعی آیت مذکورہ کے یہ معنی کریں کہ میں نفس پر حاکم

شوم بلکہ اسیر نیز غلط و کذب گویند مخالف از معنی آیت قولہٗ تعالیٰ:۔

وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ[1]

معنی مذکور چہار طیور است یعنی خروس شہوت، مور زینت، زاغ حرص، کبوتر ہوا۔ چون این چہار طیور کشتہ شوند، شیطان از نفس جدا شود۔ صاحب نفس بر نفس امیر شود و نفس رنجور در قید آمدہ بمیرد۔ بمیت النفس و یحیی القلب بموجب این آیت کلام ربانی اربع عناصر۔

قولہٗ تعالیٰ:

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىِٕنَّ قَلْبِیْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۠[2]

بیت

عبث را بگذار ہمدم حِس را	غرق فی التوحید شو عارف خدا

معرفت سیوم دریافت علم شریعت و علم طریقت و علم حقیقت، امّا معرفت علم ناسوت انسان شریعت است و علم ملکوت نفسانی طریقت است و علم لاہوت رحمانی حقیقت است۔

امّا علم ناسوت این جہان است و علم ملکوت آن جہان است و علم جبروت قرب آنحضرت علیہ الصّلوٰۃ والسّلام است۔ نہ این جہان است و نہ آن جہان است یعنی با نشان است و علم لاہوت رحمانی اتصال مع اللہ است۔ خود بی نشان است۔

معرفت علم ناسوت استقامت راہ عالمان است معرفت علم ملکوت استقامت راہ زاہدان

---

[1] سورۃ الکہف ۱۸: ۳۵

[2] سورۃ البقرہ ۲: ۲۶۰

ہوں، تو یہ دعویٰ بھی ان کا غلط ہے بلکہ اسیر (نفس) ہوں، نیز وہ غلط اور جھوٹ کہتے ہیں اور اس آیت کے برخلاف ہیں کہ جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:۔

"اور وہ اپنے باغ میں گیا اور وہ اپنی جان پر برا کر رہا تھا۔"

معنی مذکور سے مراد چار پرندے ہیں۔ یعنی شہوت کا مرغ، زینت کا مور، حرص کا کوا اور ہوا کا کبوتر۔ جب یہ چاروں پرندے مارے جائیں گے، تو شیطان بھی نفس سے جدا ہو جائے گا۔ اور صاحب نفس، نفس پر حکمران ہو جائے گا (غلبہ حاصل کرے گا)، اور نفس رنجور اس کی قید میں مر جائے گا۔ اس وقت نفس مر جائے گا اور دل زندہ ہو جائے گا۔ اس کلام ربانی کے مطابق اربعہ عناصر اسے حاصل ہوں گے۔

ارشاد خداوندی ہے:۔

"جب حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے عرض کیا کہ اے پروردگار! مجھے دکھا کہ تو مُردے کو کس طرح زندہ کرتا ہے' تو حکم ہوا کہ تو اسے یقین نہیں کرتا۔ عرض کیا مجھے یقین تو ہے' لیکن یہ محض دل کی تسلّی کے واسطے چاہتا ہوں۔ حکم ہوا کہ چار پرندے لے اور ان کو اپنے ساتھ ہلا لے۔ پھر انکے اجزاء مختلف پہاڑوں پر رکھو اور پھر انہیں بلاؤ' تو وہ تمہاری طرف دوڑ کر آئیں گے۔ پھر تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ غالب اور حکمت والا ہے۔"

بیت

اے ہمدم! بے سود حِس دم کو ترک کر دے۔ توحید الٰہی میں غرق ہو جا اور عارف خدا بن جا۔

طالب مولیٰ کو تین معرفتوں یعنی علم شریعت، علم طریقت اور علم حقیقت کا جاننا ضروری ہے۔ لیکن ناسوت انسانی کے علم کی معرفت شریعت ہے اور ملکوت نفسانی کا علم طریقت ہے۔ اور لاہوت رحمانی کا علم حقیقت ہے۔

البتہ علم ناسوت یہ جہان ہے۔ اور علم ملکوت وہ جہان ہے۔ اور علم جبروت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا قرب ہے۔ نہ یہ جہان ہے اور نہ وہ جہان ہے یعنی با نشان ہے اور لاہوت رحمانی کا علم اللہ تعالیٰ سے واصل ہونا ہے۔ اور وہ خود بے نشان (اور بیچون) ہے۔

علم ناسوت کی معرفت عالموں کی راہ کی استقامت ہے۔ علم ملکوت کی معرفت زاہدوں کی

است و معرفت علم جبروت استقامت مقام عارفان است و حقیقت لاہوت استقامت راہ عاشقان است۔ اما معرفت ملکوت ارباب بصائر، مقربان و قاصر دیدگان از گفتن لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ زبان راست است ۔

قَالَ النَّبِیُّ ۱ ؎

رَاَیْتُ رَبِّیْ بِعَیْنِ رَبِّیْ فِیْ قَلْبِیْ اَحْسَنَ صُوْرَةً اما آتش لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بری اُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ ط

حقا! ای عزیز! لَا اِلٰهَ ترک نفی بتان است و اثبات اِلَّا اللّٰهُ معرفت حق است بر حق تعالیٰ است ۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ط وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط

تمت بالخیر

---

۱ ؎ مشکوٰۃ شریف۔ شفا قاضی عیاضؒ

راہ کی استقامت ہے اور علم جبروت کی معرفت عارفوں کے مقام کی استقامت ہے اور لاہوت کی حقیقت عاشقوں کی راہ کی استقامت ہے۔ لیکن مقام ملکوت کی معرفت ارباب بصیرت کا کام ہے۔

پست ہمت و قاصر دیدگان کی زبان لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے کہنے سے راست ہوئی ہے جیسا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے :۔

"میں نے اپنے پروردگار کو دل میں اپنی آنکھوں سے نہایت اچھی صورت میں دیکھا۔" لیکن لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی آتش عشق سے وہاں تک پہنچے گا۔ اور وہی ہیں مومنوں کے درجہ پر پہنچنے والے۔

حقا! اے عزیز! لَا اِلٰهَ سے بتوں کی نفی ظاہر ہوتی ہے اور اِلَّا اللّٰهُ کا اثبات معرفت حق اور حق تعالیٰ کی حقانیت و وحدانیت کو ظاہر کرتا ہے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ط وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط

تمت بالخیر

دیباچہ

"گنج بر بشر"، "کلید التوحید خورد"، "گنج الاسرار"، "قفل القفاء"، "عین الفقر"، اور "مجالسۃ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بعد "کشف الاسرار" سلطان العارفین حضرت سلطان باہو" کی ساتویں نثری قلمی تصنیف ہے جو حضرت سلطان باہو" اکیڈمی کی جانب سے تدوین اور اردو ترجمہ و تشریح کے ساتھ شائع ہو رہی ہے۔

"کشف الاسرار" کے جس نسخہ کو متن قرار دیا گیا ہے، دراصل طبع شدہ نسخہ ہے اور جسے فقیر الطاف حسین قادری سروری نے ۲ ربیع الآخر ۱۴۰۰ ہجری میں لاہور سے طبع کرایا تھا۔ اب یہ معلوم نہیں کہ ان کے پیش نظر کون سا قلمی نسخہ تھا کہ جس کی مدد سے انہوں نے متن تیار کیا تھا۔ انہوں نے خود کتاب میں اس کی طرف کوئی واضح اشارہ نہیں کیا۔ چونکہ یہ نسخہ نہایت دیدہ زیب چھپا ہے، لہٰذا اسی سے موجودہ کتاب کا متن تیار کیا گیا ہے۔ متن تیار کرتے وقت البتہ "کشف الاسرار" کے ایک قلمی نسخہ سے بھی جو محمد شہباز کاتب نے ۱۳۴۱ھ ہجری میں لکھا تھا، استفادہ کیا گیا ہے۔ دونوں نسخوں میں جو متنی اختلافات پائے جاتے ہیں، ان کی اس کتاب کے حاشیہ میں نشاندہی کر دی گئی ہے۔

حضرت سلطان باہو" کی قلمی تصانیف کی تعداد سو سے زائد بتائی جاتی ہے، مگر تاحال ان کی تقریباً چالیس قلمی مخطوطات دستیاب ہیں۔ اکیڈمی کی یہ خواہش ہے کہ ان تمام قلمی نسخوں کو تدوین کر کے اردو تراجم و تشریحات کے ساتھ شائع کیا جائے، مگر اس منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے میں کچھ مالی مشکلات درپیش ہیں۔ اس سلسلہ میں حضرت سلطان باہو" سے عقیدت رکھنے والوں سے بالخصوص اور دیگر مخیر اصحاب سے بالعموم گذارش ہے کہ وہ ہمارے اس دینی و فلاحی کار خیر میں دستِ تعاون بڑھائیں اور اجر عظیم حاصل کریں۔

آخر میں رب العزت سے دست بدعا ہوں، وہ اس کتاب کو عوام الناس کے لیے موجب ہدایت اور مجھ خاکسار و عاصی کے لیے توشۂ آخرت بنائے۔ "آمین"

احقر

نسیم

۱۳۳ جی۔ گلشن راوی، لاہور